محترم عبدالکریم **صابر**، ایڈیٹر ہفت روزہ "مخلص" ڈیرہ اسماعیل خان

مجلسِ احرارِ اسلام کے مخلص اور پرجوش سپاہی مرزا غلام نبی جانبازؒ کے سانحۂ ارتحال پر

قطعۂ تاریخ

غیور و دلفریب احرار کے ناز | عجب تھا اُس کا اک نرالا انداز
لئیق و مخلص و مونس مدبر | نہ سمجھے اس کے ارتقائے خوب کا راز
ابد تک نام ہو گا سب کے لب پر | عجب تھی پرکشش کچھ اس کی ایسی آواز
ملے گا اس کو حق سے ایسا انعام | کہے گا ایک عالم ہے یہ اعجاز
یہی ہے التجا درگاہِ حق میں | ور فردوس ہو اس کے لئے باز
جہاں دار و جہاں گیر اس کے اوصاف | نرالا تھا جہاں زیب و جہاں ساز
بحمداللہ وہ اب فردوس میں ہے | درِ فیضِ الہٰی سب ہوئے باز
الہٰی نور کی بارش ہو اس پر | ہوں اس پر رحمتیں بے حد یہ اعجاز
زہے قسمت ملیں گر خواب میں وہ | ہر اِک پہلو تھا جو اِک سحر پرداز

ہے صابر کر گئی ہے رُوح اب تو
غلامِ نبیِ جانباز پرواز

۱۴۱۳ھ